سوال

امام کی اقتدا

جواب

امام کی اقتداء السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ اگر امام بیٹھ کر نماز پڑھائے تو مقتدی کو کھڑے ہوکر نماز پڑھنی چاہیئے یا کھڑے ہوکر۔ ؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال و علیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ ! الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! یہ مسئلہ اہل علم کے ہاں مختلف فیہ ہے۔ 1۔ بعض کہتے ہیں کہ امام کے ساتھ ساتھ مقتدی کو بھی بیٹھ کر نماز ادا کرنی چاہیئے، ان کی دلیل بخاری مسلم کی وہ حدیث جس میں نبی کریم نے فرمایا : وإذا صلی جالساً فصلوا جلوساً أجمعون اور جب امام بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔ 2۔ بعض کہتے ہیں کہ مقتدی کھڑے ہوکر ہی نماز ادا کریں گے، ان کی دلیل نبی کریم کا وہ عمل ہے کہ آپ نے مرض الموت میں بیٹھ کر نماز پڑھائی اور صحابہ کرام نے پیچھے کھڑے ہوکر نماز ادا کی۔ اس سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ دونوں عمل ہی درست ہیں۔ بعض اہل علم نے ان دونوں روایات میں کچھ یوں جمع کی ہے کہ اگر امام مستقل بیٹھ کر نماز پڑھاتا ہو تو مقتدی کھڑے ہوکر نماز پڑھیں اور اگر وہ کسی عارضے کی بناء عارضی طور پر بیٹھ گیا ہو تو مقتدی بھی بیٹھ جائیں۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی